رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ سال اول　　پرچہ: چھٹا　　مضمون: علوم الفقہ

تاریخ: 19-02-2024　　دن: پیر　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: قیاس کا لغوی و شرعی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: رکن قیاس کی تعریف کیا ہے؟

سوال نمبر 3: ثیبہ صغیرہ کے نکاح میں اختلاف اور وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: سلم، استصناع، آباد اور آوانی کا معنی کیا ہے؟

سوال نمبر 5: حکم کا نہ ہونا علت نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ کوئی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: قلب کی تیسری قسم کی تعریف اور حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: مسئلہ تنجیر اور تعلیق واضح کیجئے۔

سوال نمبر 8: مرض الموت، تغیر الاحکام کے لیے کونسی علت ہے؟

سوال نمبر 9: جس نے پرندے کا پنجرہ کھولا اور وہ اڑ گیا تو ضمان کس پر ہوگا؟ اختلاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: اہلیت کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 11: مرتد ہونا کیا آخرت میں معافی کا احتمال رکھتا یا نہیں؟ اختلاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: صغر کسے کہتے ہیں؟ نیز اس سے کون کونسی چیزیں ساقط ہو جائیں گی؟

سوال نمبر 13: کیا صبی عاقل اور معتوہ عاقل میں کوئی فرق ہے؟

سوال نمبر 14: اگر نماز میں بھول کر کلام کیا یا سلام کیا تو کیا حکم ہے؟ نیز وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: اگر نیند کی حالت میں نماز میں قہقہہ لگا دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 16: بیہوشی کس کس چیز کے منافی ہے؟ اور کس کس چیز کے منافی نہیں ہے؟

سوال نمبر 17: ہزل یعنی مذاق کی تعریف بیان کیجئے نیز اس سے کیا چیز ثابت اور کیا ساقط ہوتی ہیں؟

سوال نمبر 18: کافر اگر کلمہ شریف پڑھے اور اپنے دین سے براءت ظاہر کرے مذاق میں تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: سفر کا حکم کیا ہے؟ نیز کیا یہ اسباب تخفیف میں سے ہے؟

سوال نمبر 20: (اکراہ) مجبوری کی تعریف اس کی اقسام نیز حکم بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: "انما الصدقات للفقراء" اختلاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: اہلیت ادا کی کتنی قسمیں ہیں؟ نیز ہر ایک کی تعریف اور مثال بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: عوارض سماوی کی کتنی اقسام ہیں؟ سبھی کے نام اور کسی تین کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: نوم کی تعریف بیان کیجئے نیز اس کا حکم بیان کیجئے نیز نیند کی حالت میں طلاق دینا، آزاد کرنا، اسلام لانا اور مرتد ہونا اس کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 5: جہل کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کی تعریف اور حکم بیان کیجئے۔